# مالی معاونت کے بارے میں پوچھے جانے والے سوالات اور ان کے جوابات

سوال نمبر 1۔ کیا ٹیوٹا کے اداروں میں پڑھائے جانے والے کورسز میں مالی معاونت دی جاتی ہے؟

جواب: جی ہاں ٹیوٹا کے اداروں میں پڑھائے جانے والے مختصر دورانیہ کے کورسز میں مالی معاونت کی جاتی ہے۔

سوال نمبر 2۔ ٹیوٹا میں مالی معاونت دینے والے مختصر دورانیہ کے کورسز کا دورانیہ کتنا ہے؟

جواب: 6 ماہ دورانیہ ہے۔

سوال نمبر 3۔ مالی معاونت کے مختصر دورانیہ کے کورسز کے اوقات کار کیا ہیں؟

جواب: مختصر دورانیہ کے کورسز کے اوقات کار 8:00am سے 01:00pm اور 01:00pm سے 06:00pm ہے۔

سوال نمبر 4۔ کیا ٹیوٹا کے اداروں میں ٹیوٹا کے علاوہ کوئی اور ادارہ بھی مالی معاونت کرتا ہے؟

جواب: جی ہاں، نیوٹیک، مورا سکالرشپ، پیف سکالرشپ اور دیا فاؤنڈیشن۔

سوال نمبر 5۔ کیا ٹیوٹا کے ادوروں میں داخل ہونے والے طالبعلموں کو وظیفہ بھی ملتا ہے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال نمبر 6۔ ٹیوٹا کے ادوروں میں داخل ہونے والے طالبعلموں کو ماہانہ کتنا وظیفہ ملتا ہے؟

جواب: ٹیوٹا اتھارٹی کے تحت چلنے والے مختصر دورانیہ کے کورسز میں -/1000 روپے ماہانہ جبکہ نیوٹیک کے تحت چلنے والے کورسز میں ماہانہ -/3000 روپے اعزازیہ دیا جاتا ہے۔

سوال نمبر 7۔ کیا ٹیوٹا کے اداروں میں پڑھنے والے طالب علموں کو وظیفہ اور اعزازیہ کے علاوہ بھی کوئی مالی معاونت دی جاتی ہے؟

جواب: جی ہاں، ٹیوٹا میں پڑھائے جانے والے مختصر دورانیہ کے کورسز میں کوئی فیس نہیں لی جاتی اور ٹریننگ میٹریل بھی مفت فراہم کیا جاتا ہے۔

سوال نمبر 8۔ ٹیوٹا کے اداروں میں پڑھائے جانے والے 1 سال یا اس سے زیادہ دورانیہ کے کورسز میں کوئی مالی معاونت دی جاتی ہے؟

جواب: جی ہاں۔ ادارہ کے پرنسپل مستحق اور ذہین طالبعلموں کی فیس معاف کر سکتے ہیں اور مفت یونیفارم بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

سوال نمبر 9۔ ٹیوٹا کے پاس شدہ طالب علموں کو کوئی مالی معاونت بھی دی جاتی ہے؟

جواب: جی ہاں، اخوت کے ذریعے پاس شدہ طالب علموں کو -/20000 روپے سے -/100000 روپے تک بلاسود قرضہ دیا جاتا ہے۔

سوال نمبر 10۔ کیا ٹیوٹا کے پاس شدہ طالب علموں کو وزیر اعظم لیپ ٹاپ سکیم کے تحت لیپ ٹاپ مل سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر کے طالب علموں کو وزیر اعظم پاکستان لیپ ٹاپ سکیم کے تحت دیے جاتے ہیں۔